مودتِ معصومین (صلوات اللہ علیہ)

(نیو ایڈیشن اضافوں کے ساتھ)

مولف

غلامِ علی

Contact: 03453028750

Email : ghulameali110@yahoo.com

Website www.muwaddat.webs.com

facebook.com/ghulameali

انجمن تحفظ بنیادی عقاید شیعہ پاکستان رجسٹرڈ

خراج تحسین

میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں ان تمام علما حق کو جو حق بیان کرتے ہیں اور حق کی بات کرنے سے کبھی نہیں گھبراتے۔ میں خاص طور پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں، شہید علامہ عرفان حیدر عابدی، شہید محسن نقوی نجفی، مدافع اعظم مولانا محمد اسماعیل اور شہید علامہ فاضل علوی کو جنھوں نے بد ترین ادوار میں بھی کلمہ حق ادا کیا اور سچائی کے پرچم کو بلند رکھا۔

حیدریم قلندرم مستم

بندہ مرتضی علیؑ هستم

پیشوا تمام رندانم

که سگ کوی شیر یزدانم

جام مہر علیؑ از دستم

بعد از جام خوردم مستم

کمر اندر قلندر بستم

از دل پاک حیدری هستم

حیدریم قلندرم مستم

بندہ مرتضی علیؑ هستم

از مه عشق شاه مستم

بندہ مرتضی علیؑ هستم

من بغیر از علیؑ ندانستم

علیؑ اللّٰه از ازل گفتم

حیدریم قلندرم مستم

بندہ مرتضی علیؑ هستم

(لال شہباز قلندر)

پیش لفظ

تمام تر حمد اللّٰہ تعالیٰ کے لیے سزاوار ہیں اور درود ہو محمدؐ اور ان کی پاک آلؑ پر۔

مودت معصومینؑ ایک مختصر سی تحریر ہے جس کو فیض عام کے لیے میں کتابی صورت میں پیش کر رہا ہوں۔ یہ تحریر در اصل ایک چھوٹی سی کوشش ہے سچای بیان کرنے کی اور دین حقا کی اصلی روح سے نوجوانوں کو روشناس کرانے کی۔ کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ آج کل کے بے راہ و روی سے بھرپور پر آشوب دور میں یہ ضروری ہے کہ اپنے دین کا اصلی چھرے نوجوانوں کے سامنے لایا جاے۔ دیکھا یہ جا رہا ہے کہ پچھلے چند سالوں میں ہماری نی نسل اپنے مذہب سے بہت دور اور فقہ جعفریہ کی بنیادی عقاید کو بھلا چکی ہے۔ بیرونی طاقتوں کے اشاروں پر چلنے والے قدامت پرست مولوی نے ہمیشہ ہمارے دین کا صلی چھرہ عوام سے چھپایا اور مودت معصومینؑ کی پاک عبادت سے ہماری نوجوان نسل کو دور کیا ہے۔ مولوی نے ہماری نی نسل کے دماغوں کو اس حد تک مفلوج کر دیا ہے کہ آج کے نوجوان سچای سننے کو تیار نظر نہیں آتے۔ ہماری نی نسل نے معصومینؑ کو بھلا کر ناپاک مولویوں کو اپنا رہبر اور رہنما ماننا شروع کر دیا ہے جو ایک غلط امر ہے۔ شیعوں کے رہبر، رہنما آقا و مولا صرف معصومینؑ ہو سکتے ہیں کسی غیر معصومؑ کو اپنا رہبر و امام ماننا شرک ہے اور معصومینؑ کے حق پر ڈاکہ ڈالنے کے مترادف ہے۔ مگر افسوس مولویوں کے ہتھکنڈوں میں آکر ہماری قوم نجس انسانوں کو اپنا امام و رہبر ماننے لگی ہے۔ امام محمد باقرؑ کا ارشاد ھے کہ اللّٰہ تعالیٰ نے فرما دیا ھے کہ میں اسلام میں ھر ایسی رعیت کو عذاب میں داخل کروں گا جو کسی ایسے امام کی اطاعت میں دین سمجھے اور وہ امام منجانب خدا نہ ھو۔

اس مولوی پرست دور میں جہاں ھر طرف اپنے اپنے فتوا باز مولوی کی پرستش کی جارھی ھے وھاں چند علماے حق بھی موجود ھیں جو جو قران اور احادیث معصومینؑ

کی روشنی میں دین حق کو پورے عالم میں عام کرنا چاھتے ھیں علماے حق کی کوشش رھتی ھے کہ معصومین کے اصلی مرتبے اور مقام سے عوام کو روشناس کرایا جاے مگر افسوس ھوتا ھے یہ دیکھ کر کے جو بھی عالم سچای کی بات کرتا ھے معصومین کے اصلی مرتبے سے لوگوں کو آگاہ کرتا ھے تو اس عالم کو فتوا باز مولویوں کے پیروکار غالی، نصیری یا یہودی ایجنٹ کھ کر بدنام کرتے ھیں تا کہ نوجوان نسل علماے حق سے دور رھے اور سچای کبھی ھماری نی نسل پر ظاھر نہ ھو۔ اور یہ کوی آج کی بات نہیں ھے حق بیان کرنے والوں کے ساتھ ھمیشہ سے ھی یہ ھوتا آیا ھے۔

حضرت سلمان فارسی جب مدینے کی گلیوں سے گزرا کرتے تھے تو منافقین انہیں دیکھ کر آوازیں کستے پتھر مارتے اور یہ کھتے کہ دیکھو وہ جارھا ھے جو علی کو اللّٰہ کہتا اور مانتا ھے (حوالہ: کتاب بحر المعارف)

مگر آفرین ھے ان علما کو جو تمام تر مشکل حالات اور الزامات کے باوجود آج بھی دین حق کا پرچار کر رھے ھیں اور اس کوشش میں مصروف ھیں کہ مقام معصومین کا شعور عوام میں بیدار کیا جاسکے۔ اور معصومین کو صرف مانا نہ جاے بلکہ ویسے مانا جاے جیسے ماننے کا حق بنتا ھے۔ کیونکہ معصومین کو مانتے تو سب ھیں وہ معصوم ھی نہیں ھوتا جسے کوی نا مانے معصوم تو ھوتا وھی ھے جو خود کو منوالے یہ الگ بات ھے کہ کوی ھم ملنگوں کی طرح ھر وقت یا علی یا علی کرتا رھتا اور کوی مسلوں کو حل کرنے کے لیے اور ھلاکت سے بچنے کے لیے علیؑ کو یاد کرتا ھے۔ مگر حق پر وھی رھتا ھے جو مسلمان کی طرح معصومین کو نہ مانے بلکہ سلمانؑ کی طرح مانے۔ کیونکہ مسلمان تو بہت ھیں مگر کوی بھی سلمان کی طرح ایمان کے بلند ترین درجات پر فایز نہیں ھے۔

مولاؑ ھر مومن کو مسلمان نہیں بلکہ سلمان دیکھنا چاھتے ھیں۔

جو خود کو عشق معصومینؑ میں فنا کرلے اسے سلمانؑ کھتے ھیں۔

اور جو معصومین کے اقوال کے خلاف جاے اور مولوی کے فتووں کو حجت مانے اسے مقصر اور منکر کہتے ھیں۔

امید ھے کہ میری یہ مختصر سی تحریر بارگاہ محمدؐ و آل محمدؑ میں شرف قبولیت حاصل کرے گی اور نوجوانوں کے لیے مشعل راہ ثابت ھوگی ۔ میں نے علماے حق کی راہ پر چلتے ھوے حق بیان کرنے کی ایک عدنی سی کوشش کی ھے جو بہت سے منکروں کو بہت کڑوی اور بری بھی لگے گی مگر علیؑ والے کبھی کسی منکر، مقصر اور منافق کی فکر نہیں کرتے اور حق بیان کرنے کو اپنا اولین فریضہ سمجھتے ھیں۔ میں یہ بھی جانتا ھوں کے حق بیان کرتے ھوے مجھے بھی غالی ،نصیری یا یھودی ایجنٹ جیسے الزامات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ھے مگر میں کسی سے نہیں گھبراتا۔

نوجوانوں کی آگاھی کے لیے اس کتاب کو بہت مختصر اور آسان فہم زبان میں رکھا جا رہا ھے۔ کیونکہ آج کے مصروف دور میں ضخیم کتب کا مطالعہ بہت مشکل ھے۔

میں دین کی تجارت پر یقین نہیں رکھتا اس لیے اس کتاب کا کوی ھدیہ وصول نہیں کیا جارھا۔ اگر میری اس کوشش کو پسند کیا گیا تو آگے بھی ایسی اور کاوشوں کے ساتھ حاضر ھوتا رھوں گا۔

ناشر تبرا

غلامِ علی

CONTACT EMAIL GHULAMEALI110@YAHOO.COM

WEBSITE www.muwaddat.webs.com

facebook.com/ghulameali

cell 03453028750

مولا امام حسن عسکریؑ نے فرمایا: مولا علیؑ کے فضایل لامحدود ہیں اور جو ان کو محدود کرنے کی کوشش کرتا ہے وہ کافر سے بدتر ہے۔

تعریف اللہ

جب سے دنیا بنی ھے اور انسان خلق ھوا ھے تب ھی سے انسان اللّٰہ (اپنے خالق) کی تلاش میں سر گردان ھے۔ انسان جس جس چیز سے متاثر ھوتا رھا اس کو اپنا رب تسلیم کرتا رھا۔ کبھی پہاڑوں کی ھیبت کو دیکھ کر پہاڑوں کو اپنا رب ماننے لگا۔ کبھی درختوں کی بلندی کو دیکھ کر یہ سمجھ بیٹھا کہ یہ اس کے خدا ھیں۔ کبھی آتش کی تندی کو دیکھ کر سمجھا یہ پروردگار ھے، کبھی سورج کی روشنی کو دیکھ کر انسان کو گمان ھوا کہ شاید یہ خداوند ھے۔ کبھی دریاوں کی روانی سے متاثر ھو کر انسان دریاوں کو خدا ماننے لگا۔ یعنی نتیجہ یہ نکلا کہ انسان جس جس چیز سے متاثر ھوتا ھے اس کو خدا سمجھنے لگتا ھے۔ مگر سوال یہ پیدا ھوتا ھے کہ خدا کی حقیقت کیا ھے؟
آج کا انسان یہ سمجھتا ھے کہ زمینوں اور آسمانوں کے انسانوں اور جانوروں کے خالق کو اللّٰہ کہتے ھیں یا مارنے اور زندہ کرنے والے کو اللّٰہ کہتے ھیں یا کایناتوں کے خالق کو اللّٰہ کہتے ھیں۔ مگر حقیقت یہ ھے کہ اللّٰہ کی مخلوقِ اول محمدؐ و آل محمدؐ ھیں اور ان کے بعد تمام تخلیقات کے رب محمدؐ و آل محمدؐ ھیں۔ (اس امر کو جاننے کے لیے مطالعہ کریں مولاۓ کاینات کے خطبۃ البیان کا جو آگے صفحات پر موجود ھے۔)
مولا علیؑ فرماتے ھیں ھم (محمد و آل محمدﷺ) اللّٰہ کے بناۓ ھوۓ ھیں اور ھمارے بعد ساری کاینات ھم نے بنای ھے۔
مولاؑ کہ اس قول سے یہ ثابت ھوا کہ جو جو زمین و آسمان بناۓ یا زندہ کو مردہ اور مردوں کو زندہ کردے وہ اللّٰہ نہیں ھوتا بلکہ جو معصومینؑ کو بالکل اپنے جیسا خلق کر دے وہ اللّٰہ ھوتا ھے اور جو ایک اشارے میں کاینات کو وجود میں لے آۓ وہ معصومؑ ھوتا ھے۔ یہ ھے تعریف اللّٰہ کی۔ مولا علیؑ فرماتے ھیں جب سے کاینات بنی ھے کاینات کا زرہ زرہ میرا زکر کرتا ھے پرندے اپنی چہچہاٹ میں میرا زکر کرتے ھیں جنگلی جانور اپنی چنگھاڑ

میں میراذکر کرتے ھیں جھرنے اپنی روانی میں میراذکر کرتے ھیں درختوں کے پتے اپنی سن سناھٹ میں میرا ذکر کرتے ھیں، فصلیں جب لہلاتی ھیں تب میراذکر کرتی ھیں، جب بادل گرجتے ھیں تو میراذکر کرتے ھیں جب آسمان پانی برساتا ھے تو میراذکر کرتا ھے مختصر یہ کہ ساری کاینات جب سے بنی ھے میراذکر کرتی ھے اور صرف میں ھوں جو اللّٰہ کا ذکر کرتا ھوں۔ یعنی اللّٰہ کی تعریف کیا ھے اللّٰہ کا ذکر کیا ھے یہ صرف معصومؑ ھی جان سکتا ھے۔

اللّٰہ فرماتا ھے میں ایک چھپا ھوا خزانہ تھا میں نے چاھا کہ میں پہچانا جاوں اس لیے میں نے محمد و آل محمد ﷺ کو بھیجا۔

یعنی اللّٰہ نے چاھا کہ وہ پہچانا جاے تو اس نے اپنی تمام تر صفتوں کے ساتھ پنجتنؑ پاک کی شکل میں ظہور کیا۔ یا یہ بھی بول سکتے ھیں کہ اللّٰہ بکھر جاے تو پنجتنؑ پینجتنؑ سمٹ جایں تو اللّٰہ کہلاتے ھیں۔

اللّٰہ در اصل ایک اسم ھے اور اسم کہ لیے جسم کا ھونا ضروری ھے۔ اللّٰہ کہ صفات موجود ھیں اللّٰہ کے اسم موجود ھیں مگر اسم اور صفات کے لیے جسم کا ھونا ضروری ھے جیسے۔ خوشبو کے لیے پھول کا ھونا ضروری ھے، عقل کے لیے دماغ کا ھونا ضروری ھے، نگاہ کے لیے آنکھ کا ھونا ضروری ھے اسی طرح اللّٰہ کی صفات کا مشاھدہ بھی ضروری ھے اگر اللّٰہ کریم ھے تو اس کا مشاھدہ کہاں کیا جاے؟ اگر اللّٰہ علیم ھے تو اس کا مشاھدہ کہاں کیا جاے؟ اللّٰہ اگر رحمن ھے تو اس کا مشاھدہ کہاں کیا جاے؟ اللّٰہ نے چاھا کہ اس کی تمام صفتوں کا مشاھدہ ھو اس لیے اس نے محمد و آل محمد ﷺ کی شکل میں ظہور کیا۔

مولا امام نقیؑ نے فرمایا: جولوگ ہمارے (محمدؐ وآل محمدؐ کے) فضایل سے انکار کرتے ہیں یا ہماری فضیلت پر شک کرتے ہیں وہ قوم شیاطین میں سے ہیں۔

حرمت معصومینؑ

۱۴۰۰ سال سے مسلمان مولوی معصومینؑ کو اپنے جیسی مخلوق ثابت کرنے پر تلا ہوا ھے ۔ ھر طبقه فکر کا مسلمان مولوی معصومینؑ کو اپنے جیسا بشر ثابت کرنے کی خاطر ۱۴۰۰ سال سے معصومینؑ کی شان میں گستاخیوں کے بد ترین فعل میں مصروف ھے ۔
اھلسنت کا مولوی رسول ﷺ کو اپنے جیسا یا (نعوزو باللّٰه) اپنے سے کمتر ثابت کرنا چاھتا ھے اور شیعه مولوی باقی معصومینؑ کو اپنے جیسا یا (نعوزو باللّٰه) اپنے سے کمتر ثابت کرنے کی تگ و دو میں مصروف ھے ۔
نبی ﷺ کی سنتوں پر عمل کرنے کا دعویدار طبقه فکر کہتا ھے (نعوز باللّٰه) رسول ﷺ ان پڑھ تھے ۔ کبھی یه طبقه رسول ﷺ کی شان اقدس میں گستاخی کی حدیں پار کرتا ھوا جبرایل جیسے ھیچ فرشتے سے نبی ﷺ کے دل کا (نعوزو باللّٰه) آپریشن کراتا ھے اور کبھی مقصری کی تمام انتہاوں کو پہنچتا ھوا اپنی خود ساخته تاریخی اور روایتی کتب سے (نعوزو باللّٰه) نبی ﷺ کی ذات پر تہمات لگاتا ھے ،کبھی تو مولوی اتنا گر جاتا ھے که نبی ﷺ کو اپنے خود ساخته صحابه سے بھی کمتر ثابت کرنے کی مذموم کوشش کرتا ھے
دوسری طرف ھمارا مکتب فکر ھے جو معصومینؑ سے محبت کا سب سے بڑا دعویدار ھے اس طبقه فکر کے مولوی نے بھی معصومینؑ کی شان میں گستاخی میں کوی کسر نہیں چھوڑی۔ ھمارے چند علماے سو ایسے ھیں جو فتوے جاری کرتے ھیں که (نعوذ باللّٰه) نماز میں مولا علیؑ کی ولایت کی گواھی دینے سے نماز باطل ھو جاتی ھے ۔(استغفر اللّٰه جس علیؑ کی ولایت که اقرار که بغیر نبیوںؑ کی نبوتیں مکمل نہیں ھوتیں اس علیؑ کی ولایت که اقرار سے (نعوذ باللّٰه) ھمارے دو ٹکے که مولوی کی نماز باطل ھو جاے گی)
کبھی ھمارے علماے سو اپنے نفس کی تسکین کے لیے معصومینؑ کی شان میں گستاخی میں اس حد تک آگے نکل جاتے ھیں که معصومینؑ جیسی پاك ھستیوں کو متعه جیسے

بدنام فعل سے منسوب کرتے ھیں۔ مختصر یہ کہ مولوی کی ھر دور میں یہ کوشش رھی کہ محمد و آل محمدؑ کی شان میں مقصری اور گستاخی کی جاے اور کسی بھی ھیلے اور بھانے سے یہ ثابت کر دیا جاے کہ محمد و آل محمدؑ ھم جیسے یا (نعوذ باللّٰہ) ھم سے کمتر انسان ھوتے ھیں۔ اور جو افراد محمد و آل محمدؑ کا سچے دل سے عقیدت و احترام کرتے ھیں اور محمد و آل محمدؑ کو ویسے مانتے ھیں جیسا ماننا چاھیے ان افراد کو یہ لوگ غالی یا نصیری کے القابات سے نوازتے ھیں۔

مقصر مولوی اپنے آپ کو معصومینؑ جیسا ثابت کرنے کے اوپر اس قدر باضد ھیں کہ اپنے جیسے ناپاك اور نجس مولویوں کو امام کا خطاب بھی دے ڈالا۔ جاننا چاھیے کے لفظ امام کو غیر معصومؑ کے لیے استعمال کرنا جہنم حاصل کرنا ھے۔ امام حسن عسکریؑ کا فرمان ھے کہ ایک دور ایسا آے گا جب ھمارے شیعوں کا ایک طبقہ ۱۳ یا ۱۴ اماموں کو ماننا شروع کردے گا۔ سچے مومنین کے لیے ضروری ھے کہ ایسے افراد جو کسی غیر معصومؑ کو امام کہتے ھیں نہ ان کی خوشی میں شریک ھوں نہ غم میں اور ایسے بد عقیدہ لوگوں سے قطع تعلق کر لیں۔(بحار الانوار)

امام محمد باقرؑ کا ارشاد ھے کہ اللّٰہ تعالی نے فرما دیا ھے کہ میں اسلام میں ھر ایسی رعیت کو عذاب میں داخل کروں گا جو کسی ایسے امام کی اطاعت میں دین سمجھے اور وہ امام منجانب خدا نہ ھو۔

امام جعفر صادقؑ فرماتے ھیں شرك عظیم ترین گناہ ھے۔ جب کسی نے امامؑ سے شرك کی تعریف پوچھی اور یہ جاننا چاھا کے شرك کیا ھے تو مولا صادقؑ نے فرمایا ھمارے فضایل اور مناقب و مرتبے پر شک کرنے اور ھمارے فضایل کو نامانننے کو شرك کہتے ھیں۔ ھمار ے فضایل مناقب اور مرتبے پر شک کرنے والا مشرك ھے۔

رسول اللّٰہ ﷺ نے فرمایا اللّٰہ اس شخص سے اتنا ناراض نہیں ھوتا جو کوی اس کی خدای

میں کسی کو شریک کرے بلکہ سب سے زیادہ اس شخص سے ناراض ہوتا ہے جو علیؑ کی ولایت کا انکار کرے۔

اللّٰہ کی لعنت ہو ہر اس شخص ہر اس مولوی پر جو معصومینؑ کی شان میں گستاخیاں اور مقصریاں کرتا ہے ، اللّٰہ کی لعنت ہو ہر اس شخص پر جو کہتا ہے کہ علیؑ کی ولایت کے اقرار سے اس کی نماز باطل ہوجاتی ہے۔ اللّٰہ کی لعنت ہو ہر اس مولوی پر جو خود کو امام کہلوائے ۔اللّٰہ کی لعنت ہو ہر اس شخص پر جو غیر معصومؑ کو اپنا امام مانے، اللّٰہ کی لعنت ہو ہر مقصر ، منکر اور منافق پر۔

آج ہماری ملت کی بے راہ و روی کی وجہ معصومینؑ کی شان میں کی جانے والی مقصریاں اور گستاخیاں ہیں ورنہ رسول اللّٰہ ﷺ کا فرمان ہے کہ اے علیؑ تمہارے اور تمہارے شیعوں کے لیے کامیابی ہے۔

اگر ہماری ملت آج کامیابی سے دور ہے تو اس کی واحد وجہ حرمت معصومینؑ نہ کرنا ہے۔ اصلی شیعہ تو ہے ہی وہ جو کبھی معصومینؑ کے فضایل میں شک نہ کرے اور معصومینؑ کی بے حرمتی برداشت نہ کرے۔ اللّٰہ ہم سب کو علیؑ کا سچے شیعوں میں شامل ہونے کی توفیق عطا فرمائے اور ہماری قوم کو منکر و مقصر مولویں کے شر سے نجات دلائے ۔آمین

اے مولوی!

کیوں دشمنی ہے تمھیں علیؑ و حسینؑ سے

فرصت ملے تو پوچھ کبھی والدین سے

مولا امام موسیٰ کاظمؑ نے فرمایا: ہم (محمدؐ و آل محمدؑ) بشر نہیں ہیں نہ ہمارا بشری تقاضوں سے کوئی تعلق ہے۔ جو ہم کو اپنے جیسا انسان سمجھتا ہے وہ بد بخت ہے۔

شانِ معصومینؑ

محمدؐ و آلِ محمدؑ کی شان لا محدود ھے اس کا بیان ناقص عقول کے بس کی بات نہیں۔ ھم سب صرف اپنی اپنی سوچ کی بلندی کے مطابق فضایل و مناقب معصومینؑ بیان کر پاتے ھیں۔ مگر ھماری سوچوں کی بلند پروازیاں مقام معصومینؑ کا احاطہ نہیں کر سکتیں۔ یہ بس میری ایک چھوٹی سی کوشش ھے اقوال معصومینؑ کی روشنی میں حرمت معصومینؑ بیان کرنے کی۔

ھمارے یہاں کچھ افراد کی سوچ ھے کہ معصومینؑ بشر ھوتے ھیں اور کچھ کا خیال ھے کہ معصومینؑ نور ھوتے ھیں۔ در اصل یہ دونوں ھی طبقات۔ فکر غلطی پر ھیں مولا علیؑ فرماتے ھیں کہ اللّٰہ نے ھم محمد و آلِ محمدؑ کو خلق کیا اور ھمارے بعد ھر تخلیق کو ھم نے خلق کیا ھے اور نور بھی ایک تخلیق ھی تو ھے۔ در اصل معصومینؑ نور نہیں ھیں بلکہ انوار کے خالق ھیں۔

محمدو آلِ محمدؑ اللّٰہ کا ظھور ھیں اور ظھور کا مخلوق سے کوی تعلق نہیں ھوتا۔ یعنی محمد و آلِ محمد ﷺ کا ظھور ھوا کرتا ھے پیدایش نہیں۔ معصومینؑ کا بشری تقاضوں سے کوی تعلق نہیں ھوا کرتا۔ کیونکہ معصومینؑ بشر اور بشریت کے خالق ھیں خود بشر نہیں ھیں۔

امام جعفر صادقؑ فرماتے ھیں جو شخص معصومینؑ کی ولایت سے منسلک ھو جاتا ھے وہ نور میں چلتا پھرتا ھے۔ یعنی در اصل نور تو سلمان فارسی، مالک اشتر، ابوذر، بی بی فضا، یاسر عمار، قمبر اور مغداد جیسے عشاق معصومینؑ ھیں جو دل کی پاکیزگی کے ساتھ ولایت۔ معصومینؑ سے منسلک ھو گے۔

ھم جیسے کم علموں کی اتنی اوقات تو نہیں ھے کہ ھم جان پایں کہ معصومینؑ کہ اصلی

اور حقیقی فضایل اور شان کیا ھے۔ ھم تو صرف اتنے فضایل بیان کر سکتے ھیں جتنے خود معصومین ؑ نے یا اولیاو قلندر نے ان کے بارے میں بیان کر دیے ھیں۔ اب ھم ان فضایل پر روشنی ڈالتے ھیں جو معصومین ؑ نے خود اپنے بارے میں بیان کیے ھیں۔

امام جعفر صادق ؑ نے معصومین ؑ کی تعریف بیان کرتے ھوے فرمایا جب ھم ارادہ کرتے تو اللّٰہ ارادہ کرتا ھے۔ اللّٰہ کی مرضی محمدو آل محمد ؑ کی مرضی سے مشروظ ھے۔ آگے امام ؑ مزید فرماتے ھیں ھم اللّٰہ کی معشیت ھیں ۔(حوالہ بحار الانوار)

مولا صادق ؑ کے فرمان کی روشنی میں ثابت ھوا کے دنیا میں کوی عمل انجام نہیں پاتا جب تک اس میں مرضی محمدؐ و آل محمدؐ شامل نہ ھو کیونکہ جب یہ معصومین ؑ ارادہ کرتے ھیں تو اس ارادے کے نتیجے میں اللّٰہ ارادہ کرتا ھے۔

امام جعفر صادق ؑ فرماتے ھیں تمام آسمانوں اور زمینوں کا تمام جنتوں اور دوزخوں کا علم رکھتا ھوں اور جو کچھ ھو چکا اور جو ھونے والا ھے سب کا جاننے والا ھوں ۔(حوالہ : بحار الانوار)

امام جعفر صادق ؑ ھی کا ایک اور فرمان ھے کہ ھمارے (محمدو آل محمد ؑ) اور اللّٰہ کے ساتھ ایسے حالات بھی ھوے ھیں جس میں ھم وہ ھوتے ھیں اور وہ ھم ھوتا ھے ۔(حوالہ : الرسالۃ علمیہ)

مولا علیؑ فرماتے ھیں کہ آدم کو میں نے اپنے دونوں ھاتھوں سے خلق کیا ۔(حوالہ : بحر المعارف)

مولا علی ؑ کا ایک اور فرمان ھے کے اللّٰہ نے ھمیں(۱۴ معصومین ؑ کو) بلکل ویسا خلق کیا جیسا وہ خود تھا ۔(یعنی جو اللّٰہ کا مقام وھی ان ۱۴ معصومین ؑ کا مقام)

مولا علی ؑ اپنے مشھور خطبۃ البیان مین فرماتے ھیں میں وہ ھوں جس کے پاس غیب کی کنجیاں ھین میں ھر چیز کا علم رکھتا ھوں ، میں وہ ھوں جس کے پاس سلیمان کی انگوٹھی ھے (یعنی تمام جن اور انس اور تمام خلایق پر متصرف ھوں) میں لوح محفوظ

ہوں ،میں جنب اللہ ہوں اور قلب۔خدا ہوں، میں لوگوں کی آنکھوں اور قلوب کو پھیرنے والا ہوں۔ ان کی باز گشت میری طرف اور ان کا حساب ہمارے زمہ ہے۔ میں وہ ہوں جس کے پاس گزشتہ اور آیندہ کا علم ہے۔ آدم کا ساتھی میں ہوں نوح کا مدد گار میں ہوں اور میں ہی ابراھیم کا مونس ہوں۔ بادلوں کو پیدا کرنے والا میں ہوں ۔ درختوں پر پتے پیدا کرنے والا میں ہوں۔ پھلوں کو لگانے والا میں چشموں کو جاری کرنے والا میں ہوں، زمینوں کو بچھانے والا میں ہوں، حق اور باطل میں فرق کرنے والا میں ہوں۔ جنت جھنم کا تقسیم کرنے والا میں ہوں ،میں علم الٰہی کا خزانچی ہوں۔ میں صاحب روز قیامت ہوں۔ مجھ کو جھٹلانے والے پر جھنم ہے۔ میں خدا کا اسماے حسنہ ہوں۔ میں دنیا کے محلوں کو منہدم کرنے والا ہوں ،میں مومنین کو قبروں سے نکالنے والا ہوں ۔ میں ہی تکالیف میں مبتلا ایوب کا رفیق اور شفا عطا کرنے والا ہوں، میں وہ ہوں جس کی وجہ سے ابراھیم سلامت رھے اور انہوں نے میری بزرگی کا اقرار کیا۔ میں وہ ہوں جس نے تمام نبیوں کو مبعوث کیا ، میں تمام عالمین کا پیدا کرنے والا ہوں۔ میں وہ ہوں جس نے آسمانوں کو دعوت دی انہوں نے میرا حکم قبول کیا اور وہ وجود میں آگے۔ میں سورج کو روشنی دینے والا اور صبح کو طلوع کرنے والا ہوں۔ میں ستاروں کو پیدا کرنے والا ہوں ۔ میں قیامت کو بر پا کروں گا ، میں مومنین کی نماز ، زکوۃ،حج اور جھاد ہوں۔ میں نشر اول اور آخر کا مالک ہوں۔ میں جنت کا مالک ہوں۔ میں ماوں کے رحموں میں صورتوں کو بنانے والا ہوں۔ میں صاحب کوہ طور ہوں ہوں میں ہی کتاب مستور ہوں۔ میں وہ ہوں جس کے ہاتھ میں جنت اور جھنم کی کنجیاں ہیں۔ میں زندہ کرتا ہوں مارتا ہوں پیدا کرتا ہوں اور رزق دیتا ہوں ۔ میں اسم اعظم ہوں۔ میں مشرق سے مغرب تک خلایق کے اعمال کو دیکھتا ہوں اور ان کی کوی چیز مجھ سے پوشیدہ نہیں ہے۔ میں کعبہ اور بیت الحرام ہوں۔ میں ہوں محمد مصطفیﷺ میں ہی ہوں علی مرتضیٰؑ اور میں ہی غفور و رحیم ہوں۔

(یہ خطبے کی صرف چند سطریں ہیں مکمل خطبہ مستند اسلامی کتب نہج الاسرار اور بحر المعارف میں موجود ہے)

مولاے دو جہاں اپنی ایک اور حدیث جسے حدیث طارق کا نام دیا جاتا ہے میں امامؑ اور امامت کی تعریف میں فرماتے ہیں کہ امامؑ کلمة اللّٰہ، حجۃ اللّٰہ، وجہ اللّٰہ نور اللّٰہ، حجاب اللّٰہ اور آیت اللّٰہ ہوتا ہے۔ اس کو خدا منتخب کرتا ہے اور تمام مخلوق پر اس کی اطاعت واجب کرتا ہے۔ امامؑ آسمانوں اور زمین پر اس کا ولی ہوتا ہے۔ خدانے اس بات پر اپنے تمام بندوں سے عہد لیا ہے پس جس نے اس پر سبقت کی اس نے خدائے عرش سے کفر کیا۔ امامؑ جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے۔ بس امام ہی صدق اور عدل ہے امامؑ کے لیے زمین سے آسمان تک ایک نور کا ستون نصب کیا جاتا ہے جس میں وہ بندوں کے اعمال دیکھتا ہے۔ امامؑ لباس ہیبت و جلال میں ملبوس رہتا ہے اور ہر بندے کے دل کا حال جانتا ہے۔ اور غیب پر مطلع رہتا ہے امامؑ متصرف الاطلاق ہوتا ہے۔ وہ مشرق تا مغرب تمام اشیا کو دیکھتا ہے عالم ملک اور ملکوت کی کوی شے اس سے پوشیدہ نہیں ہے۔ امامؑ کو اللّٰہ نے اپنی وحی کے لیے منتخب کیا اور امور غیب کے لیے پسند کیا۔ امامؑ کی ولایت سبب نجات ہے اس کی اطاعت زندگی میں فرض گردانی گی ہے اور مرنے کے بعد وہی توشہ آخرت ہے۔ صرف امامؑ ہی راس اسلام اور کمال ایمان اور معرفت حدود و احکام اور حلال و حرام کا بیان کرنے ولا ہے۔ امامت وہ مرتبہ ہے جس پر سوائے اس کے جس کو اللّٰہ منتخب کرے اور سب پر مقدم و حاکم و والی بنائے کسی کو حاصل نہیں ہوسکتا۔ امامؑ وہ ہے جو انوار کے ساتھ بندگان خدا پر طلوع ہوتا ہے پس وہ ایسی شے نہیں جس کو ھاتھ اور آنکھ پاسکے۔ امامؑ (ضلالت کی تاریکیوں میں) درخشاں چراغ ہے وہی صراط الٰہی ہے جس کے راستے واضح ہیں اور وہ دلیل و رہنما ہے۔ امامؑ کا ظاہر ایک ایسا امر ہے جس پر کوی محیط نہیں ہوسکتا اس کا باطن ایسا غیب ہے جس کا کوی ادراک نہیں کرسکتا۔ اس امر میں عقول حیران اور افہام سرگشتہ ہیں۔ یہ وہ مرتبہ ہے جس کے سامنے بڑے بڑے لوگ حقیر ہیں۔ امامت کے ادراک سے علما قاصر، شعرا ماندے، بلغا و خطبا گونگے بہرے، فصحا عاجز اور زمین و آسمان شان امامؑ میں ایک

وصف بیان کرنے سے بھی قاصر ھیں۔ آل محمدؑ کا مقام اس سے برتر ھے کہ کوی وصف کنندہ اس کی توصیف کرسکے اور اس کی تعریف لکھ سکے۔ اور تمام عالم میں کسی کو بھی ان کے ساتھ قیاس کرسکے۔ امامؑ نور اول اور کلمہ علیا و اسماے نورانی اور وحدانیت کبری ھیں۔ جو لوگ گمان کرتے ھیں کہ امامت آل محمدؑ کے علاوہ کھیں اور بھی پای جاتی ھے وہ جھوٹے ھیں۔ امامؑ صرف وہ ھوتا ھے جو گناھوں سے پاك ھو غیب پر علم رکھتا ھو اور اللّٰہ کا منتخب کردہ ھو۔ اور وہ شیاطین کی جماعت میں سے ھیں جو کسے منجانب خدا کے سوا کسی اور کو امامؑ مانیں۔ امامؑ کی اطاعت قیامت تک فرض کی گئ ھے خدا امامؑ کے قلب میں اپنے اسرار رکھتا ھے اور خدا امامؑ میں اپنی زبان کو گویا کرتا ھے۔ امامؑ معصوم موفق من اللّٰہ ھوتا ھے۔تمام انبیاؑ کا علم ان کے علم کے مقابلے میں اور تمام اوصیا کا راز ان کے راز کے مقابل اور تمام اولیا کی عزت ان کی عزت کے مقابل ایسی ھی ھے جیسے سمندر کے مقابل قطرہ اور صحرا کے مقابل ایک زرہ۔ امامؑ کے نزدیک زمین و آسمان ان کے ھاتھ کی ھتیلی کی مانند ھیں۔خدا کی جس صورت ھاتھ اور پہلو کا ذکر قران میں ھے پس ان سب سے مراد یہی ولی ھیں کیونکہ امامؑ ھی جنب اللّٰہ ،وجہہ اللّٰہ، حق اللّٰہ، علم اللّٰہ ،عین اللّٰہ اور ید اللّٰہ ھیں گویا کہ ان کا ظاھر صفات ظاھرہ کا باطن اور ان کا باطن باطنی صفات کا ظاھر ھے۔پس وہ باطن کا ظاھر اور ظاھر کا باطن ھیں۔امامؑ ھی خداے واحد اور احد کے راز ھیں پس ان کے ساتھ کسی مخلوق کو قیاس نہیں کیا جا سکتا۔ انہی اماموں کے نام سے پرندے تسبیح کرتے ھیں اور مچھلیاں سمندر میں ان کے حقیقی شیعوں کے لیے استغفار کرتی ھیں۔ عرش قایم نہ ھوا جب تک اس پر لا الہ الا اللّٰہ محمدؐ رسول اللّٰہ علیؑ ولی اللّٰہ نہ لکھ دیا گیا۔(حوالہ: مشارق الانوار)

مولا علیؑ کی حدیث طارق کا مطالعہ کرنے کے بعد اس امر کا ادراك ھوتا ھے کہ امامت کی کتنی اھمیت اور منزلت ھے۔ اور امامؑ کا اسم و لقب صرف اسی کو حاصل ھوتا ھے جو منجانب خدا ھو معصوم ھو آل محمدؑ ھو غیب پر دسترس رکھتا ھو اور تمام تر بشری تقاضوں اور گناھوں سے پاك ھو۔ کوی غیر معصومؑ امامؑ کہلوانے کا ھر گز حقدار نہیں ھے

اور جو کوی بھی کسی غیر معصوم کو امام کہے وہ شیاطین کے گروہ سے ہے۔
مولاؑ اپنے ایک اور خطبے میں اپنی حقیقی شان بیان کرتے ہوے فرماتے ہیں مولاؑ علی
خطبہ افتخاریہ میں اپنی شان بیان کرتے ہوے فرماتے ہیں کے میں برادر رسولؐ اور ان کے
علم کا وارث ان کی حکمت کا معدن اور ان کا راز دار ہوں ایک ایک حرف جو خدا نے
اپنی کتاب میں نازل فرمایا ہے وہ سب مجھ کو پہنچ گیا ہے۔ گزشتہ کا اور قیامت تک
جو بھی ہونے والا ہے میں سب کا علم رکھتا ہوں۔ یوم قیامت میں ہی تمام بنی آدم پر
مقدم رہوں گا اور تمام مخلوق کا حساب لوں گا اور ان کو درجات میں جگہ دوں گا میں
ہی اہل نار کو عذاب دوں گا۔ مجھے زمین پر بار بار آنا ہے اور رجعت کے بعد آنا ہے جس
نے ہماری تردید کی اس نے خداے قدیم کی بات رد کی میں صاحب دعوات ہوں۔ میں ہی
خدا کے وجود کی دلیل کا مالک ہوں۔ میں عجیب عجیب آیات والا ہوں میں تمام
مخلوقات کے اسرار کا عالم ہوں۔ میں ہی فرشتوں کو ان کے مراتب پر مقرر کرتا ہوں۔
میں نے ہی روز ازل ارواح سے عہد لیا تھا میں ہی صاحب لواے حمد ہوں میں
بار بار بخششیں کرنے والا ہوں اگر میں اپنے تمام امور سے تمھیں مطلع کردوں تو تم
میرا انکار کرنے لگو گے اور برداشت نہ کرسکو گے۔ میں جابرین کو قتل کرنے والا اور دنیا
و آخرت کا ذخیرہ ہوں۔ میں ہی جبرایل کا صاحب و سردار ہوں اور میکایل سے کام کا
مطالبہ کرنے ولا ہوں۔ میں ہی جامع احکام ہوں۔ میں ہی صدیق اکبر اور میں ہی فاروق
اعظم ہوں۔ میں ہی باب یقین ،امیر المومنین ،صاحب خضر اور صاحب ید بیضا ہوں
میں صاحب قصر بیضا اور جوش کنندہ جہنم کا مالک ہوں۔ میں وحی ہی کی وجہ سے
بات کرتا ہوں میں ستاروں کا مالک ہوں۔ میں ہی وہ غایب ہوں جس کا امر عظیم کے
لیے انتظار کیا جاتا ہے میں ہی عطا کرنے والا اور میں ہی خرچ کرنے والا ہوں۔ میں ہی
دلوں پر قابو رکھنے والا ہوں میں ہی اپنی توصیف کرنے والا ہوں۔ میں خضر ور ھارون
کا صاحب ہوں میں موسی اور یوشع بن نون کا صاحب ہوں میں جنت کا مالک ہوں
میں ہی زلزلوں کا اور زمینیات کو اندر دھنسا دینے کا مختار ہوں۔ میں امام الابرار ہوں

میں ھی بیت معمور اور سقف مرفوع اور بحر مسجود ھوں۔ میں ھی باطن حرم ھوں میں تمام امتوں کا سہارا ھوں۔ میں ھی اسم اعظم کا حامل ھوں ۔ اگر میں نے کلام خدا اور قول رسولؐ نہ سنا ھوتا تو تم سب کو اپنی تلوار سے قتل کر دیتا اور آخر تک فنا کر دیتا۔ میں حقیقت ماہ رمضان اور شب قدر کا راز ھوں میں ھی ام الکتاب اور میں ھی فصل خطاب ھوں۔ میں ھی فاتحہ ھوں۔ میں ھی سفر و حضر میں صاحب نماز ھوں بلکہ میں ھی صوم و صلواۃ روز و شب اور ماہ و سال ھوں۔ میں ھی صاحب حشر و نشر ھوں میں ھی امت محمدی کا بوجھ ھلکا کرنے والا ھوں۔ میں ھی رسول اللّٰہ کے ساتھ آسمانوں سے گزرنے والا ھوں میں ھی قاب قوسین ھوں ۔ میں ھی آسمان و زمین کا مالک ھوں میں ھی مایوسیوں میں فریاد رس ھوں ۔ میں ھی آفتاب و زمین سے کلام کرنے والا ھوں۔ میں باب سجود ھوں میں ھی عابد و معبود اور شاھد و مشہود ھوں۔ !!!!! (حوالہ: مشارق الانوار، کوکب دری قدیم)بیشک مولاؑ ئے دو جہاں کے فضایل لا محدود ھیں اور ھم جیسے کم علموں کے لیے اپنے مولاؑ کے فضایل کا ادراك کرنا یا ان کا احاطہ کرنا ناممکن ھے ۔ یہ وہ ربانی راز ھیں جن سے صَرف معصومینؑ ھی با خبر ھیں۔ معصومؑ کبھی انسانی عقلوں کی سمجھ میں نہیں آسکتا کینکہ جو انسانی عقلوں کی سمجھ میں آجاے وہ معصومؑ نہیں کہلاتا معصومؑ تو ھوتا ھی وہ ھے جو کسی انسان کی سمجھ میں نہیں آسکتا انسانی محدود عقل حقیقت معصومؑ سمجھنے سے قاصر ھے۔

اگر مولاؑ کے ان خطبات کو پڑھ کر یہ بولا جاے کے صرف یہ ھی مولاؑ کے فضایل ھیں تو یہ بھی صحیح نہیں ھوگا۔ کیونکہ مولا علیؑ نہج البلاغہ میں فرماتے ھیں اگر اللّٰہ نے ھمیں اپنی تعاریف سے روکا نہ ھوتا تو اپنے اتنے فضایل بیان کرتا کے سماعتیں بھری ھو جاتیں یہ ھماری قدیمی عزت کا تقاضا ھے ھمارے فضل و کرم کی عادت کا تقاضا ھے کہ ھم نے تم جیسوں سے رشتے بناے ورنہ تم اس قابل کہاں؟ ھم (معصومینؑ) اللّٰہ کے بناے ھوے ھیں اور ھمارے بعد ساری کاینات ھماری پروردہ ھے۔ مولاؑ کے اس قول سے واضح ھو گیا کہ مولا نے کبھی اپنے تما تر فضایل بیان ھی نہیں کیے۔ مگر افسوس اس

بات کا ھے که جتنے فضایل معصومین ؑ نے خود اپنے بیان کیے ھیں ان کو بھی ھمارا قدامت پرست مولوی ماننے کو تیار نہیں ھے اور ھماری قوم سے ھمیشه معصومین ؑ کے حقیقی فضایل چھپاے جاتے رھے۔

امام حسن ؑ معاویه کے دربار میں اسکو للکارتے ھوے فرماتے ھیں که اگر میں یہاں کہڑے ھو کر اپنے خاندان کے فضایل بیان کرنا شروع کروع تو سالوں گزر جایں مگر ھمارے فضایل ختم نه ھوں۔ میرے تمام اجداد مجید و اطہر ھیں۔ میں چاھوں تو شام کو عراق اور عراق کو شام کردوں میں چاھوں تو مرد کو عورت اور عورت کو مرد بنا دوں۔

پھر فرمایا میرا تخت عرش ھے میرا ضمیر محمدؐ ھیں علیؑ میرے امیر ھیں حسین ؑ میرے وزیر ھیں اور جبرایل میرے در کا فقیر ھے۔ اس درمیان دربار میں ایک شخص کہڑا ھوا اور اس نے کہا اے حسن ؑ اتنا بڑا دعوا۔ میں کیسے مان لوں کے تم مرد کو عورت اور عورت کو مرد بنا سکتے ھو؟ مولا حسنؑ نے جلال کی کیفیت میں کہا جاو اے عورت تمھیں مردوں کے درمیان کہڑے ھوتے ھوے شرم نہیں آتی مولاؑ کا یه کہنا تھا که وہ مرد عورت میں تبدیل ھوا اور بھاگتا ھوا دربار سے چلا گیا۔ (یه ھے شان معصومین ؑ که انہیں کوی ورد کوی دعا کوی نماز کوی وظیفه نہیں پڑھنا پڑتا بس ادھر معصوم ؑ اراده کرتے ھیں اور جو چاھتے ھیں وہ ھو جاتا ھے) فضایل معصومین ؑ لا محدود ھیں ھم جتنے بھی بیان کر دیں کم ھیں۔اگر عشق اور شعور کی نگاہ سے دیکھا جاے تو پورا قران معصومین ؑ کی شان بیان کرتا نظر آے گا اور سورہ فاتحه مولا علی ؑ کی شان میں سب بڑی منقبت نظر آے گی۔

مولا علی ؑ فرماتے ھیں ھیں ھر دور میں آتا ھوں ھر زمانے میں آتا ھوں۔ میں باریوں والا ھوں۔یعنی کوی زمانه ایسا نہیں گزرا نه گزرے گا جس میں مولا ؑ موجود نه ھوں۔

یعنی حضرت ابراھیم ؑ کو آگ سے نجات دلانی ھو ،حضرت ایوب ؑ کو شفا عطا کرنی ھو، حضرت نوح ؑ کی کشتی کنارے لگانی ھو ،حضرت یوسف ؑ کو کنویں سے نکالنا ھو، حضرت موسی ؑ کو تعلیم دینی ھو احد ،بدر خیبر اور خندق میں کفار کے خلاف جنگ کرنی ھو یا کربلا میں حق کا دفاع کرنا ھو ھر دور میں دین الہی کے صرف علیؑ ھی مدد

گار ھوتے ھیں۔ تمام معصومینؑ در اصل مولاؑ کا ھی ظہور ھیں جو ہر دور میں دین خدا کی مددگاری اور مومنوں کی داد رسی کے لیے آتے رھے۔

آج بھی امام زمانہؑ کی شکل میں دین کی مددگاری کے لیے علیؑ حاضرو موجود ھیں۔ معصومینؑ کے اسرار اور فضایل کیا ھیں کتنے ھیں اس کا ادراك ھم جیسے کم عقلوں اور کوتاہ علموں کو کبھی نہیں ھوسکتا ۔معصومینؑ کے فضایل اللّٰہ جانتا ھے یا معصومینؑ خود جانتے ھیں کسی بھی ناقص العقل انسان کے بس میں تعریف معصومینؑ نہیں ھے۔ اس لیے ھم صرف وہ فضایل بیان کیے ھیں جو معصومینؑ نے خود اپنے بارے میں بیان کردیے ھیں۔

ایک بار پھر یہ معجزہ ہو بھی سکتا ہے
علیؑ کا ظہور جہاں میں دوبارہ ہو بھی سکتا ہے
حقیقت علیؑ پر یوں ٹامک ٹویاں نہ مارو
علیؑ تو علیؑ ہے خدا ہو بھی سکتا ہے

مولا علیؑ نے فرمایا: ہم (محمدؐ وآل محمدؐ) کن فیا کن کے مالک نہیں بلکہ کن فیا کن کے خالق ہیں۔ کن فیا کن کی طاقتوں کا مالک تو ہم اپنے پیاروں کو بنا دیتے ہیں۔

اپنی ہر عبادت بالخصوص نماز میں اقرار ولایت علیؑ واجب ہے۔

جیسا کہ ہم سب واقف ہیں کہ ہمارے مذہب جعفریہ کی بنیاد ولایت مولا امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ کا اقرار ہے۔ یعنی ولایت مولا علیؑ کی گواہی دینا ہر مومن پر لازم ہے۔جیسا کہ ہم کلمے اور اذان میں اس گواہی کو بیان کر کے یہ بنیادی فریضہ انجام دیتے ہیں۔ مگر ہم اپنی نمازوں میں اپنے مولاؑ کی ولایت اقدس کی گواہی دیتے ہوے کتراتے ہیں اس کے باوجود کہ تمام معصومینؑ بشمول رسول پاکﷺ نے اپنی نمازوں میں مولا علیؑ کی ولایت کی گواہی دی اور اس کو لازم اور ملزوم قرار دیا۔اور قران سے بھی تین گواہیاں ثابت ہیں۔ اس ضمن میں اقوال معصومینؑ اور قران کے چند ارشادات پیش کر رہا ہوں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ اپنی ہر عبادت میں ولایت مولا علیﷺ کی گواہی دینا لازم اور واجب ہے۔

جیسا کہ ہم سب واقف ہیں کہ اللّٰہ تعالی نے قران میں تین ولایتوں کا زکر کیا ہے۔ (سورہ معایدہ آیت۵۵) ارشاد باری تعالی ہے کہ تمہارا ولی اللّٰہ ہے اس کا رسولﷺ ہے اور وہ مومن ہے جو حالت رکوع میں ذکات دیتا ہے۔ (سب مسلمانوں کا اتفاق ہے کہ اس آیت میں جو تیسری ولایت بیان کی گی ہے وہ مولا علیؑ کی ولایت پاک ہےؑ کیونکہ مولا علیؑ نے حالت رکوع میں اپنی انگشتری ایک سوالی کو زکات کی تھی)

مولا علیؑ فرماتے ہیں کہ میں مومن کی نماز ہوں۔(حوالہ: کتاب الفضایل، خطبة البیان)

مولا امام باقرؑ فرماتے ہین کہ نماز کا مطلب علیؑ ہیں۔(حوالہ: کتاب ال اخلاص)

اب تمام مومنین کو غور کرنا چاہیے کہ علیﷺ خود کو مومن کی نماز مخاطب کر رہے ہیں۔ کیا ان کا نام لیے بغیر کسی مومن کی نماز مکمل ہو سکتی ہے ؟؟؟؟؟ جو خود نماز ہے کیا اس کا نام لینے سے (نعوذ و باللّٰہ) نماز باطل ہو سکتی ہے ؟؟؟؟؟

اس ضمن میں اس قرانی آیت پر بھی غور ضروری ھے

(سورہ معارج آیت ۳۳،۳۵) اور وہ جو اپنی گواھیوں پر قایم رھتے ھیں اور جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ھیں وھی لوگ باغوں میں عزت سے رھینگے۔

یہ بات جاننی چاھیے کہ عربی زبان میں شھادتین (تشھد ، شھادت، گواھی) کا استعمال اس مقام پرھوتا ھے جہاں تین گواھیاں دینی ھوں یعنی ھمیشہ شھادتین تین گواھیوں پر مشتمل ھوتی ھے۔ (یعنی اگر کسی نے کسی امر کی گواھی دینی ھے تو تین گواھیوں کا ھونا لازم ھے۔)

مذھب جعفریہ کہ عظیم عالم شیخ یعقوب کلینی اپنی کتاب تنویر ال ایمان میں لکھتے ھین کہ جب رسول اکرمﷺ معراج سے واپس آرھے تھے تو خدانے ان سے کہا اپنی امت کو بتا دو کہ علی ان ولی اللّٰہ تمہاری امت اور میرے درمیان وسیلہ ھے۔ اس وسیلے کو کبھی بھی نا چھوڑنا۔ اور کسی بھی امتی کی اذان ،نماز ، روزہ، حج اور زکات بغیر علی ان ولی اللّٰہ کی گواھی کہ قبول نہیں ھو سکتیں۔

مولا علیؑ فرماتے ھیں جس شخص نے کسی بھی مقام پر میری ولایت کے اقرار سے انکار کیا اور اگر وہ اللّٰہ اور رسول ﷺ کی گواھی دیتا ھے اور میری ولایت کی گواھی سے منکر ھے تو باقی دو گواھیاں بھی اسے فایدہ نہیں پہنچا سکتیں۔(حوالہ: مقدمہ مشقاط ال انوار)

مولا امام جعفر صادقؑ فرماتے ھیں جب بھی کوی مومن کہے لا الہ الا لہ محمدؐ ال رسول اللّٰہ تو اس پر واجب ھے کہ وہ فورا کہے علیؑ ان ولی اللّٰہ۔(حوالہ: احتجاج طبرسی جلد ۱)

(غور فرمایں امامؑ فرماتے ھیں کسی بھی مقام پر دو گواھیاں کافی نہیں ھیں۔)

مولا رضاؑ فرماتے ھیں کہ اللّٰہ کسی بھی عبادت کو قبول نہیں کرے گا جب تک اس میں علی ان ولی اللّٰہ کی گواھی شامل نہیں ھو گی۔

(سورہ بنی اسرایل آیت ۱۱۰)

رسولؐ اپنی نمازوں کو نہ زیادہ بلند آواز میں پڑھیں نہ زیادہ آھستہ آواز میں۔

اس آیت کی تفسیر میں مولا امام باقرؑ فرماتے ھیں کہ اس آیت میں اللّٰہ نے نبیﷺ کو

علی ؑ کی ولایت کا اقرار آھستہ آواز میں کرنے کو کہا ھے کہ آواز اتنی ھو کے علی ﷺ تک پھنچ جاے۔ نبی ﷺ اللّٰہ سے دریافت کرتے رھے کہ کب تک علی ان ولی اللّٰہ کی گواھی آھستہ آواز میں دینی ھے تو اللّٰہ نے کہا جب تک ھم کہیں آھستہ آواز میں گواھی دو اور اعلان غدیر کے بعد اللّٰہ نے رسول ﷺ کو اجازت دے دی کے اب با آواز بلند نمازوں میں علی ؑ کی ولایت کا اقرار کر سکتے ھیں۔(حوالہ: تفسیر صافی،تفسیر برھان،تفسیر عیاشی)
مولا امام باقر ؑ نے جو اس آیت کی تفسیر کی ھے اس سے ثابت ھوتا ھے کہ رسول پاک ؐ بھی اپنی نمازوں میں ولایت اطھرِ مولا علی ؑ کی گواھی دیتے تھے۔
اب زرا مولا امام صادق ؑ کی نماز پر توجہ کریں بہار ال انوار جلد ۸۴ میں درج ھے کہ امام صادقؑ اپنی نماز میں تشہد کچھ یوں پڑھا کرتے تھے :(اشہدو انک َنعم ال رب و اشہد و انک َ محمد نعم ال رسول و اشہدو انک َ علی ابن ابی طالب نعم ال مولا ۔)
مولا امام رضاؑ اپنی نماز میں تشہد کچھ یوں پرھتے تھے :(اشہد و انک نعم ال رب و ان محمد نعم ال رسول و علی ان نعم ال ولی)(حوالہ : فقھہ امام رضاؑ)
یہ چند حوالہ تھے جو اقوال معصومینؑ اور قران کے زریعے ھم تک پہنچے ھیں۔ اس کے علاوہ بڑی تعداد میں علما حق بھی مولا علی ؑ کی پاک گواھی کو اپنی ھر عبادت میں لازم اور واجب قرار دیتے ھیں۔اللّٰہ کی لعنت ھو خامنہ ای و سیستانی سمیت ھر اس مولوی پر جو یہ کہتا ھے کہ علی ؑ کا نام لینے سے (نعوز و باللّٰہ)نماز باطل ھوجاتی۔ اللّٰہ کی لعنت ھو ھر اس مولوی پر جو اپنی تقلید کو دین کا جز اور واجب قرار دیتا ھے اور مولا علی ؑ کی ولایت کو مستحب یا غیر ضروری قرار دیتا ھے ۔ایسے تمام فتوی باز مولوی رسول اللّٰہ ؑ کی اس حدیث پر پورا اترتے ھیں کہ اے علی ؑتیرا دشمن وہ ھو گا جس کی پیدایش حیض کی ھو گی یا ولد الزنا ھو گا۔
بر مقصر، منکر و منافق لعنت۔

مولا امام سجادؑ نے فرمایا: ہر وہ عبادت شیطان کی پرستش کے برابر ہے جس میں علیؑ ولی اللہ کی گواہی شامل نہ ہو۔

مدحت معصومینؑ قلندر و اولیا اکرام کی نظر میں۔

دین حق کو اگر کسی نے معصومینؑ کے بعد آگے بڑھایا ھے اور احادیث و اقوال معصومینؑ کو عام کیا ھے تو وہ اولیا اکرام نے بڑھایا اور عام کیا ھے کسی ملا یا مولوی نے نہیں کیا۔ ولی یا قلندر کی منزلت پر پہنچنے کے لیے معصومینؑ کی ولایت اور عشق میں فنا ہونا پرتا ھے یعنی فنا فی المعصومؑ ہونا پڑتا ھے۔ جب لوگوں نے لال شہباز قلندر سے پوچھا کہ آپ کو قلندری کیسے اور کہاں سے ملی تو قلندر کبریا نے نجف اشرف کی طرف رخ کر کے فرمایا یہ ھی وہ درپاك مولا علیؑ ھے جس پر میں سوالی بن کر جھکتا ہوں۔ سارا عالم مجھے قلندر کہتا ھے مگر میں علیؑ کے در کا سگ ہوں۔ حضرت لال شہباز قلندر کے ھی بارے میں ایک اور بات بتا تا چلوں۔ اکثر یہ سوال کیا جاتا ھے کہ حضرت لال شہباز قلندر کو لال کیوں کہا جاتا ھے؟ قلندر عشق و درد مولا حسینؑ میں اس حد تک گرفتار تھے کہ جب یوم عزا ہوتا اور عزاداری مولا حسینؑ کا موقع آتا تو قلندر کانٹے بچھاتے تھے اور ان پر لوتا کرتے تھے اور خون کا پرسا دیا کرتے تھے وہ اتنا ماتم کرتے تھے کے پورا جسم لال ہوجاتا اسی وجہ سے لال شہباز قلندر کو لال کے نام سے بلایا جانے لگا۔ یہاں پر ھم قلندر کبریا اور دیگر اولیا اکرام کے کچھ کلام پیش کر رھے ھیں جن میں شانِ معصومینؑ بیان کی گی ھے۔

حضرت لال شہباز قلندر کے دیوان سے چند اشعار پیش خدمت ھیں۔ حضرت لال شہباز قلندر فرماتے ھیں:

حیدریم قلندرم مستم

بندہ مرتضی علیؑ ھستم

پیشوا تمام رندانم

کہ سگ کوی شیر یزدانم

جام مہر علیؑ از دستم

بعد از جام خوردم مستم

کمر اندر قلندر بستم

از دل پاک حیدری هستم

حیدریم قلندرم مستم

بندہ مرتضی علیؑ هستم

از مه عشق شاه مستم

بندہ مرتضی علیؑ هستم

من بغیر از علیؑ ندانستم

علیؑ اللّٰه از ازل گفتم

حیدریم قلندرم مستم

بندہ مرتضی علیؑ هستم

اسد اللّٰه است ید اللّٰه است

ولی اللّٰه مظہر اللّٰه است

حجت اللّٰه قدرت اللّٰه است

بے نظیر او ذات اللّٰه است

حیدریم قلندرم مستم

بندہ مرتضی علیؑ هستم

شہباز قلندر بکر عمر پر تبرا کرتے ہوے فرماتے ہیں

صد لعن می کنم بر اول بر دوم بر سویم،

بلخصوص بر دوم بلا شمار می کنم

گر خواهی نام مردود

در هیچ است فرعون ،هامون و نمرود

اگر مولا علیؑ سے عشق کرنے والے کو شیعہ اور غالی کہا جاتا ہے تو سب سے بڑے شیعہ علامہ اقبال تھے جن کے کلام سے عشق مولاؑ صاف ظاہر ہوتا ہے۔ چند اشعار پیش خدمت ہیں۔

آدمی کام کا نہیں رہتا

عشق میں یہ بڑی خرابی ہے

لن ترانی بھی طور سوزی بھی

پردے پردے میں بے حجابی ہے

پوچھتے کیا ہو مذہب اقبال

یہ گنہگار بو ترابی ہے

جب عشق سکھاتا ہے آداب خود آگاہی

کھلتے ہیں غلاموں پر اسرار شہنشاہی

دارا و سکندر سے وہ مرد فقیر اولی

ہو جس کی فقیری میں بوئے اسد اللہی

تونے پوچھی ہے امامت کی حقیقت مجھ سے

حق تجھے میری طرح صاحب اسرار کرے

ہے وہی تیرے زمانے کا امام برحق

جو تجھے حاضر موجود سے بے زار کرے

تیری شکست ہی منظور تھی اسے اے دل

بنا دیا تجھے نازک تر آب گھنے سے

جہاں سے پلتی تھی اقبال روح قنبرؓ کی

مجھے بھی ملتی ہے روزی اسی خزینے سے

مزرع تسلیم را حاصل بتولؑ

مادراں را اسوہ کامل بتولؑ

مریمؑ از یک نسبت عیسیٰؑ عزیز

از سہ نسبت حضرت زہراؑ عزیز

اے باب مدینہ محبت

اے نوح سفینہ محبت

اے ماحی نقش باطل من

اے فاتح خیبر دل من

از ہوش شدم مگر بیہوشم

گوی کہ نصیری خموشم

اما چہ کنم مے تو ل

تند است بر دہ فتند زمینہا

زِ اندیشہ عاقبت رہیدم

جنس غم آلؑ تو خریدم

صوفی بزرگ مولانا روم جن کلام کو فارسی زبان میں قران کے بعد سب سے زیادہ اہمیت حاصل ہے ۔مولانا کے چند اشعار پیش خدمت ہیں جن سے مولانا کا عشق مولا علیؑ ظاہر ہوتا ہے۔

دایم از ولایت علیؑ خواہم گفت

چوں روح قدس ناد علیؑ خواہم گفت

تا روح شود غمی کہ در جان من ست

کل ہم وغم سینجلی خواہم گفت

از علیؑ آموز اخلاص عمل

شیر حق را داں منز از دغل

او خداوند اخت بر روے علیؑ

افتخار هر نبی و هر ولی

مولا و حق آدم است اللّٰه مولانا علیؑ

خواهی که یابی زو نشان جان در ره او بر فشان

کو جان دهست و جنستان اللّٰه مولانا علیؑ

سبحان حی لا ینام پیدا از تو هر صبح و شام

حج و نماز است و صیام اللّٰه مولانا علیؑ

رازق رزق بندگان مطلوب جمله طالبان

مامور امر کن فکان اللّٰه مولانا علیؑ

سلطان بیمثل ونظیر پروردگار بی وزیر

دارنده برنا و پیر اللّٰه مولانا علیؑ

دارنده لوح و قلم پیدا کن خلق از عدم

میر عرب فخر عجم اللّٰه مولانا علیؑ

سر دفتر هر انجمن علامه مصر و یمن

آن بر دل دشمن فکن اللّٰه مولانا علیؑ

مجموع قران مدحتش حمد و ثنا عزتش

نام بزری خدمتش اللّٰه مولانا علیؑ

خواجه شمس الدین محمد حافظ شیرازی نے فرمایا

امروز زنده ام بولاے تو یا علیؑ

فردا بروح پاکِ ماں گواہ باش
زکوی مغان رخ مگردان کہ آنجا
فروشند مفتاح مشکل کشای

شیخ سعدی نے فرمایا

سعدی اگر عاشقی کنی و جوانی
عشقِ محمدﷺ بس است و آل محمدﷺ
منم جان شدم مولاے حیدرؑ
امیر المومنین آں شاہ صفدر

معروف صوفی بزرگ اور اھلسنت کے امام شافعی فرماتے ھیں
مولا علیؑ جنت اور دوزخ کے تقسیم کرنے والے ھیں خدا کی قسم آپ رسول اللہ ﷺ کے وصی ھیں اور تمام انسانوں اور جنات کے امام ھیں۔ مولا علیؑ کی رفعت و شان میں یہی کافی ھے کہ صاحب عقل و باشعور انسانوں کے درمیان ان کے اللہ ھونے کا شک و شبہ پیدا ھو گیا۔ اور میں (شافعی) مرتے وقت تک یہ نہیں جان سکا کہ میرا رب علیؑ ھے یا اللہ ھے۔جب ھم آل محمدؑ کا ذکر کرتے ھیں تو ان سے بغض رکھنے والے ھم
پر رافضی ھونے کا الزام لگاتے ھیں۔ اگرمحب آل محمدؑ ھونا رافضیت ھے تو سب سے بڑا رافضی میں(شافعی) ھوں۔

خراجہ معین الدین چشتی نے فرمایا

شاہ است حسینؑ بادشاہ است حسینؑ
دین است حسینؑ دین پناہ است حسینؑ
سر داد نہ داد دست در دست یزید
حقا کہ بناے لا الہ است حسینؑ

حضرت شمس تبریز نے فرمایا

آدم با صفا توی یوسفؑ مہ لقا توی

خضرِ رہ خدا توی دم ہمہ دم علیؑ علیؑ

عیسیٰؑ مریمی توی احمدؐ ہاشمی توی

شیر نر خدا توی دم ہمہ دم علیؑ علیؑ

شاہ شریتم توی پیر طریقتم توی

حق بہ حقیقتم توی دم ہمہ دم علیؑ علیؑ

شمس توی قمر توی بحر توی و بر توی

مالک خشک و تر توی دم ہمہ دم علیؑ علیؑ

ہمدم سید البشر راجع شمس القمر

پدر شبیرؑ و ہم شبرؑ دم ہمہ دم علیؑ علیؑ

حضرت شاہ نعمت اللہ ولی نے فرمایا:

دمبدم دم از ولای مرتضیٰؑ باید زدن

دست دل در دامن آل عبا باید زدن

لافتی الا علیؑ لا سیف الا ذوالفقار

این نفس را زاسر صدق و صفا باید زدن

در دو عالم چہاردہ معصومؑ را باید گزید

پنج نوبت بر در دولت سرا باید زدن

مولا امام رضاؑ نے فرمایا: ہم معصومینؑ کائناتوں میں سب سے عظیم ہستیاں ہیں۔ مگر اگر کوئی ہم سے بھی عظیم اور بلند ہے تو وہ بی بی فاطمہؑ ہیں۔ بی بی تمام معصومینؑ پر حجت ہیں

تبرا بر دشمنان معصومینؑ

